جن کا قول ہے کہ "نہیں سونگھتے (ایسے طمع کو) کفتار اور کفایت کرتا ہے وضوء میں ایک سیر پانی اور غسل جنابت میں صاع یعنی
وصل علی سیدنا محمد القائل عم الرجل صنو ابیه ولا یخطب الرجل
تقریباً چار سیر ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "آدمی کا چچا اس کے باپ کے ساتھ والی شاخ ہے اور نہ پیغام نکاح دے
علی خطبة اخیه ولا یبیع علی بیع اخیه وصل علی سیدنا محمد القائل
مرد مسلم اپنے بھائی کے پیغام نکاح پر اور نہ سودا کرے اس کے سودا پر اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے
لا تصلی الملائکة علی نائحة والدنیا متاع وخیر متاعها المرأة الصالحة
کہ "ملائکہ نوحہ کرنے والی پر درود نہیں بھیجتے اور دنیا سامان منفعت ہے اور اس کا سب سے بہتر متاع نیک عورت ہے
وصل علی سیدنا محمد القائل باکروا فی طلب الرزق فان الغدو
اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ صبح سویرے جاؤ رزق کی طلب میں کیونکہ سویرے جانا برابر
برکة ونجاح واربعة من سنن المرسلین الحناء والتعطر والسواک و
برکت اور کامیابی ہے اور چار چیزیں مرسلین کی سنت سے ہیں ۔ مہندی ۔ خوشبو ۔ مسواک اور

النکاح وصل علی سیدنا محمد ن القائل الصوم جنۃ وغنیمۃ مجالس
نکاح۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "روزہ (گناہ کے لیے) ڈھال ہے اور مجالس
الذکر الجنۃ وصل علی سیدنا محمد ن القائل من حفظ لسانہ ستر
ذکر کی فوری منفعت حصول جنت ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا فرمان ہے کہ "جس نے اپنی زبان کو محفوظ کرلیا اللہ تعالیٰ اسکے
اللہ عورتہ ومن کانت ہمتہ الاخرۃ جمع اللہ علیہ ضیعتہ وصل
عیوب پر پردہ دے گا اور جس کا مطمع نظر حرف آخرت ہو گا اللہ تعالیٰ اس پر جمع فرمائے گا اس کی پراگندگیوں کو۔ اور صلوٰۃ نازل فرما
علی سیدنا محمد ن القائل ان اولی الناس باللہ من بداھم بالسلام
سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ بے شک سب لوگوں سے اللہ تعالیٰ کے قریب وہ ہے جو ان پر سلام میں پہل کرے
والزکوۃ قنطرۃ الاسلام وصل علی سیدنا محمد ن القائل لا یدخل
اور زکوٰۃ اسلام کا پل ہے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "نہیں داخل ہوگا
الجنۃ سیئ الملکۃ وسباب المسلم کالشرف علی الھلکۃ وصل علی
جنت میں بری عادات والا اور مرد مسلم کو گالی دینا ہلاکت کے کنارے پر پہنچنے کے مترادف ہے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما
سیدنا محمد ن القائل عودوا قلوبکم الرقۃ وانظار المعسر صدقۃ
سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" عادی بناؤ اپنے قلوب کو رقت اور نرمی کا اور تنگ دست کو مہلت دینا صدقہ ہے
ولا تدیموا النظر الی المجذومین ولو سبق شیء القدر لسبقتہ
اور ہمیشہ جذامیوں کو نہ دیکھو۔ اور اگر سبقت لے جاتی (بالفرض) کوئی شئ تقدیر سے
العین وصل علی سیدنا محمد ن القائل ذو الوجھین لا یکون عند اللہ
تو نظر بد سبقت لے جاتی۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" چغل خور اللہ تعالیٰ کے ہاں
وجیھا ومن حفظ من امتی اربعین حدیثا من امر دینھا بعثہ اللہ
آبرومند نہیں ہوگا اور میری امت کا جو فرد یاد کرے گا چالیس احادیث اپنے دین کے بارے میں اللہ تعالیٰ اسکو مبعوث
یوم القیمۃ عالما فقیھا وصل علی سیدنا محمد ن القائل اکرموا العلماء
فرمائے گا قیامت کے دن عالم وفقیہ کی شان سے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" علماء کی تکریم کیا کرو

فانھم کرماء علی اللہ وتبجلوا المشائخ فان تبجیلھم من تعظیم جلال
کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں مکرم ہیں اور مشائخ کی تعظیم کیا کرو کیونکہ ان کی تعظیم اللہ تعالیٰ کی تعظیم و اجلال سے
اللہ وصل علی سیدنا محمد ن القائل انک عفو تحب العفو فاعف عنا
ہے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "اے اللہ تو درگزر فرمانے والا ہے درگزر کو محبوب رکھتا ہے پس ہم
ومن کان موسرا لا ینکح فلیس منا ومن حلف بمکۃ غیر الاسلام کاذبا
سے درگزر فرما اور جو خوشحال ہوتے ہوئے نکاح نہ کرے تو وہ ہم میں سے نہیں ہے اور جو حلف اٹھائے مکہ مکرمہ میں ملت کفر کے ساتھ درآنحالیکہ
فھو کما قال وان اللہ کتب الغیرۃ علی النساء والجھاد علی الرجال و
وہ کاذب ہے تو وہ اسی طرح ہے جس طرح اس نے کہا اور اللہ تعالیٰ نے مقدر فرمائی ہے غیرت عورتوں کے حق میں اور جہاد مردوں پر اور
صل علی سیدنا محمد ن القائل خیر الناس من ینتفع بہ الناس ومن
صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "سب لوگوں سے بہتر وہ ہے جس سے لوگ نفع اٹھائیں اور جو
احتکر علی المسلمین طعامھم ضربہ اللہ بالجذام والافلاس و
روک رکھے لوگوں سے طعام کو اللہ تعالیٰ اس کو جذام اور افلاس کا نشانہ بنائے گا اور
صل علی سیدنا محمد ن القائل الحنا بعد النورۃ امان من الجذام ومن
صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے" مہندی کا استعمال جونہ استعمال کرنے کے بعد جذام سے امان ہے اور
ادعی الی غیر ابیہ وھو یعلم فالجنۃ علیہ حرام والقائل الانصار شعار
جس نے اپنی نسبت کی باپ کے علاوہ دوسرے شخص کی طرف حالانکہ وہ جانتا ہے تو جنت اس پر حرام ہے اور جن کا قول ہے" انصار مانند بالوں
والناس دثار وذو الوجھین لہ یوم القیمۃ وجھان من النار وصل
سے متصل لباس کے ہیں اور دوسرے تمام لوگ اس کے بعد والے کپڑے کی مانند اور چغلخور کیلئے قیامت کے دن دو منہ ہوں گے آتش دوزخ سے اور
علی سیدنا محمد ن القائل المستشار مامون والجالب مرزوق و
صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "جس سے مشورہ طلب کیا گیا وہ امین ہے اور باہر سے مال تجارت لانیوالا وسیع رزق والا ہے
المحتکر ملعون وافضل العبادات انتظار الفرج وبلغوا عنی ولو ایۃ
اور طعام روک رکھنے والا ملعون ہے اور سب سے افضل عبادت فراخی کا انتظار ہے اور پہنچاؤ میری طرف سے اگرچہ ایک آیت ہی ہو

وَحَدِّثُوا عَنْ بَنِی اِسْرَآئِیْلَ وَلَا حَرَجَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ
اور بیان کرو بنی اسرائیل سے اور اس میں حرج نہیں ہے اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے کہ
لَیْسَ شَیْءٌ اَکْرَمَ عَلَی اللّٰہِ مِنَ الدُّعَآءِ وَلَا یَرُدُّ الْقَضَآءَ اِلَّا الدُّعَآءُ وَخَیْرُ
"نہیں ہے کوئی شئی زیادہ عزت والی اللہ تعالیٰ پر دُعا سے اور قضاء کو رد نہیں کر سکتی مگر دُعاء اور سب سے بہتر
النَّاسِ اَحْسَنُهُمْ قَضَآءً وَّاِنَّ اللّٰہَ جَعَلَ الرَّوْحَ وَالْفَرَحَ وَالْیَقِیْنَ فِی الرِّضَا
شخص وہ ہے جو قضائے دیون میں بہتر ہے اور بیشک اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے راحت اور فرحت اور یقین رضاء (بالقضاء) میں
وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ اِعْلَمْ اَنَّ النَّصْرَ مَعَ الصَّبْرِ وَالْفَرَجَ مَعَ
اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا فرمان ہے "یقین جانو کہ نصرت صبر کے ساتھ ہے اور کشائش
الْکَرْبِ وَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا وَّمَنْ یَّمْشِیْ اِلٰی طَعَامٍ لَمْ یُدْعَ اِلَیْهِ فَقَدْ
پریشانی کے بعد ہے اور بیشک ہر تنگی کے ساتھ آسانی ہے اور جو چلے طرف اس کھانے کے جس کی طرف نہیں بلایا گیا تو وہ
دَخَلَ سَارِقًا وَّخَرَجَ مُغِیْرًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ اِعْمَلْ
داخل ہوا بحیثیت چور کے اور نکلا بطور غارتگر کے اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے کہ اللہ کے فرائض پر
بِفَرَآئِضِ اللّٰہِ تَکُنْ عَابِدًا وَّارْضَ بِقَسْمِ اللّٰہِ تَکُنْ زَاهِدًا وَّازْهَدْ فِی
عمل پیرا ہوگا تو عابد بن جائے گا اور اللہ تعالیٰ کی تقسیم پر راضی ہوگا تو زاہد بن جائے گا اور دنیا سے بے رغبتی
الدُّنْیَا یُحِبُّکَ اللّٰہُ وَاِذَا ظَهَرَتِ الْبِدَعُ وَسَکَتَ الْعَالِمُ لَعَنَهُ اللّٰہُ وَصَلِّ
اختیار کرے گا تو اللہ تعالیٰ کا محبوب بن جائے گا اور جب بدعات ظاہر ہوں اور عالم چپ رہے تو اللہ تعالیٰ اس پر لعنت فرمائیگا
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ مَنْ مَّاتَ بِاَحَدِ الْحَرَمَیْنِ بُعِثَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ
اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا فرمان ہے "جو حرام مکہ اور حرم مدینہ میں سے کسی میں مریگا تو اس کو اہل امن میں اٹھایا جائے گا
وَمَنْ اَذَلَّ عَالِمًا اَذَلَّهُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عَلٰی رُءُوْسِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ
اور جس نے عالم کو ذلیل کیا اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن ذلیل کرے گا تمام اولین اور آخرین کے سامنے
وَلَا خُلْفَ فِی الْاِسْلَامِ وَیَدْخُلُ الْفُقَرَآءُ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاَغْنِیَآءِ بِخَمْسِمِائَةِ
اور اسلام میں (دور جاہلیت کی) دھڑے بندی نہیں ہے اور فقراء مومنین داخل ہوں گے جنت میں اغنیاء سے پانچ سو

عَامٍ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ الْتَمِسُوا الْجَارَ قَبْلَ شِرَآءِ الدَّارِ
سال پہلے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے کہ "تلاش کرو پڑوسی کو مکان خریدنے سے قبل
وَالْمَکْرُ وَالْخِدَاعُ فِی النَّارِ وَقَیِّدُوا الْعِلْمَ فِی الْکِتَابِ وَاتَّقُوا الْحَرَامَ فِی
اور مکر اور دھوکہ فریب (والا) دوزخ میں ہے اور مقید کرو علم کو کتاب میں اور بچو حرام کے استعمال سے
الْبُنْیَانِ فَاِنَّهٗ اَسَاسُ الْخَرَابِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ
تعمیرات میں کیونکہ وہ خرابی کی بنیاد ہے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے کہ
عَلَیْکَ بِحُسْنِ الْکَلَامِ وَبَذْلِ الطَّعَامِ وَبِرِّ الْحَآجِّ وَاِطْعَامِ الطَّعَامِ وَ
" لازم پکڑو اچھی کلام کو اور طعام صرف کرنے کو اور حاجیوں سے نیکی و احسان کو اور کھانا کھلانے کو اور
طِیْبِ الْکَلَامِ وَالْتَمِسُوا الرِّزْقَ مِنْ خَبَایَا الْاَرْضِ وَدَعُوا النَّاسَ
پاکیزہ کلام کو اور تلاش کرو رزق کو زمین کے مخفی خزائن سے اور چھوڑو لوگوں کو (اپنے حال پر)
یَرْزُقُ اللّٰہُ بَعْضَهُمْ مِّنْ بَعْضٍ وَّاِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرًا وَّاِیَّاکَ وَ
روزی دے گا اللہ تعالیٰ بعض کو بعض سے اور بیشک بعض بیان البتہ جادو (کی مانند) ہیں اور بچاؤ اپنے آپ کو
دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ وَاِنْ کَانَ کَافِرًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ
مظلوم کی دعائے بد سے اگرچہ کافر ہی ہو اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے
اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ کُلَّ قَلْبٍ حَزِیْنٍ وَّرِضَی اللّٰہِ فِیْ رِضَی الْوَالِدَیْنِ وَکُلُّ
"بے شک اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے ہر غمزدہ دل کو اور اللہ تعالیٰ کی رضا والدین کی رضا مندی میں ہے اور ہر
ذِیْ نِعْمَةٍ مَّحْسُوْدٌ وَّاَوَّلُ مَنْ دَخَلَ الْحَمَّامَ وَوُضِعَتْ لَهُ النُّوْرَةُ
نعمت والا حسد کیا جاتا ہے اور سب سے پہلے جو داخل ہوئے حمام میں اور ان کے لیے چونہ بنایا گیا
سُلَیْمَانُ بْنُ دَاوٗدَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ تَهَادَوْا تَحَابُّوْا
وہ سلیمان بن داؤد علیہما السلام ہیں۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے کہ "باہم تحائف کا تبادلہ کرو تو باہم محبت
وَحَاسِبُوْا اَنْفُسَکُمْ قَبْلَ اَنْ تُحَاسَبُوْا وَتَهَادَوْا تَزْدَادُوْا حُبًّا وَّسَاقِی
ہوگی تم میں اور اپنا محاسبہ کرو قبل اس کے کہ تم سے حساب لیا جائے اور باہم ہدیے دو تم میں باہم محبت بڑھے گی اور

الْقَوْمِ اٰخِرُهُمْ شُرْبًا وَّلَا تَكْشِفْ فَخِذَكَ فَاِنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ وَّاِنَّ اللّٰهَ

قوم کو پلانے والا ان سے مؤخر رہتے ہیں اور اپنے ران کو برہنہ نہ کر کیونکہ وہ شرمگاہ میں داخل ہے اور یقیناً اللہ

يَنْظُرُ فِىْ خَلْقِهٖ كُلَّ يَوْمٍ سِتِّيْنَ نَظْرَةً وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ

نظر فرماتا ہے اپنی مخلوق میں ہر دن ستر بار۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے کہ

اَصْدَقُ الرُّؤْيَا بِالْاَسْحَارِ وَاِنَّ فُرُوْجَ الزُّنَاةِ لَيُؤْذِىْ اَهْلَ النَّارِ وَفِىْ

"سب سے سچے خواب وقت سحر والے ہیں اور زنا کاروں کی شرمگاہیں البتہ ایذاء دیں گی اہل دوزخ کو اور

كُلِّ رَطْبٍ اَجْرٌ وَّاِنَّ الزِّنَا يُوْرِثُ الْفَقْرَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ

ہر ذی روح میں اجر ہے (کھلانے پلانے پر) اور زنا فقر کا موجب ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے کہ

اَلْمُقِيْمُ عَلَى الزِّنَا كَعَابِدِ وَثَنٍ وَّمَنِ اقْتَرَبَ مِنْ اَبْوَابِ السَّلَاطِيْنِ

"زنا پر برقرار شخص بت پرست کی مانند ہے اور جو سلاطین کے دروازوں کے قریب ہوا تو وہ

اُفْتُتِنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ حَصِّنُوْا اَمْوَالَكُمْ بِالزَّكٰوةِ وَ

فتنہ میں مبتلا ہوگا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے کہ "محفوظ کرو اپنے اموال کو زکوٰۃ ادا کر کے اور

حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وَالنَّارُ بِالشَّهَوَاتِ وَاتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ

ڈھانپا گیا ہے جنت کو ساتھ مشقتوں کے اور آگ کو ساتھ خواہشات نفس کے اور بچو تم آگ سے اگرچہ آدھی کھجور (کے

وَمَآ اَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ فِى الْيَوْمِ سَبْعِيْنَ مَرَّةً وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

صدقہ) سے اور نہیں اصرار کیا (گناہ پر) جس نے استغفار کی (اگرچہ گناہ کرے) دن میں ستر مرتبہ اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر

الْقَآئِلِ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِى الدِّيْنِ وَلَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ

جن کا قول ہے کہ "اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ رکھتا ہے اس کو دین کی سمجھ عطا کرتا ہے اور نہیں ڈسا جاتا مومن

مِنْ جُحْرٍ مَّرَّتَيْنِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ رَحِمَ اللّٰهُ الْمُتَخَلِّلِيْنَ

ایک بل سے دو مرتبہ اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے "رحم فرمائے اللہ تعالیٰ میرے خلال کرنے

مِنْ اُمَّتِىْ فِى الْوُضُوْءِ وَصَنَآئِعُ الْمَعْرُوْفِ تَقِىْ مِنْ مَّصَارِعِ السُّوْءِ وَلَا

والے اُمّتیوں پر وضو میں اور نیک کام دور رکھتے ہیں بری ہلاکت اور موت کے مقامات سے اور نہیں

هَمَّ اِلَّا هَمُّ الدَّيْنِ وَلَا وَجَعَ اِلَّا وَجَعُ الْعَيْنِ وَلَا يَجُوْزُ شَهَادَةُ الْخَصْمِ

غم مگر غم دین کا اور نہیں درد مگر درد آنکھ کا اور نہیں جائز گواہی درعی کی اور

وَلَا ظَنِيْنٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ طُوْبٰى لِمَنْ وُّجِدَ فِىْ صَحِيْفَتِهٖ

نہ متہم کی اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے "مبارک ہے، اس کیلئے جس کے نامۂ اعمال میں

اِسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا وَّلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَسَافَدَ النَّاسُ فِى الطَّرِيْقِ تَسَافُدَ

بہت استغفار پائی گئی اور نہ قائم ہوگی قیامت یہاں تک کہ لوگ علانیہ جماع کریں گے راہوں میں مانند

الْحَمِيْرِ وَاَدِرْ مَعَ الْحَقِّ حَيْثُ دَارَ وَيُبْعَثُ شَاهِدُ الزُّوْرِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مُوْلِغًا

گدھوں کے اور پھر ساتھ حق کے جدھر وہ پھرے اور اُٹھایا جائے گا جھوٹا گواہ قیامت کے دن اس حال میں کہ النس و لفت

لِسَانُهٗ فِى النَّارِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ هَدِيَّةُ اللّٰهِ الْمُؤْمِنِ السَّآئِلِ

والی ہوگی اس کی زبان آگ سے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے اللہ تعالیٰ کا ہدیہ ہے مومن کے لیے سائل کا

عَلٰى بَابِهٖ وَاِنَّ النَّاسَ اِذَا رَاَوُا الظَّالِمَ وَلَمْ يَاْخُذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ يُوْشِكُ اَنْ

اس کے دروازے پر ہونا اور بیشک لوگ جب دیکھیں ظالم کو اور نہ پکڑیں اس کے ہاتھ تو قریب ہے کہ اللہ تعالےٰ

يَّعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعَذَابِهٖ وَاِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ حَدِيْثًا ثُمَّ الْتَفَتَ فَهُوَ اَمَانَةٌ وَلَا

اپنا عذاب سب پر عام کردے اور جب آدمی کوئی بات کرے پھر ادھر اُدھر دیکھے تو وہ بات امانت ہے اور نہ

تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِىْ كُنْتُ مَكَانَهٗ

قائم ہوگی قیامت یہاں تک کہ گزرے گا مرد دوسرے کی قبر پر سے پس کہے گا اے کاش میں ہوتا اس کی جگہ میں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ شَرُّ مَا فِى الرَّجُلِ شُحٌّ هَالِعٌ اَوْ جُبْنٌ خَالِعٌ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے بدترین شئ جو آدمی میں ہے وہ بخل ہے بے صبر کرنیوالا ہے یا بزدلی

وَمِنْ سَعَادَةِ الْمَرْءِ الْمَرْكَبُ الْهَنِىْٓءُ وَالْجَارُ الصَّالِحُ وَالْمَسْكَنُ الْوَاسِعُ وَشَرُّ الْكَسْبِ

جو الگ کرنیوالی ہے اور مرد کی سعادتمندی سے ہے خوشگوار سواری اور نیک پڑوسی اور کشادہ رہائش گاہ۔ اور بدترین کمائی سود

كَسْبُ الرِّبَا وَبَدَاَ الْاِسْلَامُ غَرِيْبًا وَّسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَآءِ وَلَا يَنْبَغِىْ

کی کمائی ہے۔ ابتداء ہوئی اسلام کی غریبوں میں اور عنقریب رہ جائے گا صرف غریبوں میں پس مبارکبادی ہے غرباء کیلئے بالکل نہیں لائق

لِلصِّدِّيقِ اَنْ يَّكُوْنَ لَعَّانًا وَمَنِ انْتَهَرَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ مَّلَاَ اللّٰهُ قَلْبَهٗ اَمْنًا

صدیق کے کہ وہ ہو لعنت کرنے والا ۔ اور جس نے جھڑک دیا بدعتی کو اللہ تعالیٰ بھر دے گا دل اس کا امن اور

وَّاِيْمَانًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ لَا تُرْضِيَنَّ اَحَدًا بِسَخَطِ اللّٰهِ وَلَا تَحْسُدُ

ایمان کے ساتھ ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "ہرگز نہ راضی کر کسی کو اللہ تعالیٰ کو ناراض کرکے اور نہ حسد کرے

اَحَدًا عَلٰى فَضْلِ اللّٰهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ اِيَّاكَ وَالطَّمَعَ فَاِنَّهٗ

کسی سے اللہ تعالیٰ کے فضل پر اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ دور رکھ اپنے آپ کو طمع سے کیونکہ وہ

فَقْرٌ حَاضِرٌ وَّاَفْضَلُ الْجِهَادِ كَلِمَةُ حَقٍّ عِنْدَ السُّلْطَانِ الْجَآئِرِ وَمَنْ رَّغِبَ عَنْ

حاضر فقر ہے اور افضل ترین جہاد کلمۂ حق کہنا ہے سامنے ظالم بادشاہ کے ۔ اور جس نے اعراض کیا

سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَاَيْنَمَا كُنْتُمْ فَصَلُّوْا عَلَيَّ فَاِنَّ صَلٰوتَكُمْ تَبْلُغُنِيْ وَكُلُّ اَمْرٍ

میری سنت سے تو وہ مجھ سے نہیں ہے ۔ اور تم جہاں کہیں بھی ہو مجھ پر درود بھیجو کیونکہ تمہارا درود مجھے پہنچایا جاتا ہے ۔ اور ہر

ذِيْ بَالٍ لَّا يُبْدَاُ فِيْهِ بِحَمْدِ اللّٰهِ فَهُوَ اَجْزَمُ وَالْخَيْرُ بِالْخَيْرِ وَالْبَادِيْ اَكْرَمُ وَالشَّرُّ

ذیشان امر جس میں آغاز اللہ تعالیٰ کی حمد سے نہ کیا جائے پس وہ بے برکت ہے ۔ اور خیر بدلہ ہے خیر کا اور ابتداء کرنیوالا زیادہ مکرم ہے

بِالشَّرِّ وَالْبَادِيْ اَظْلَمُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ اَهِنْ مَنْ اَهَانَكَ وَلَوْ

اور شر بدلہ ہے شر کا اور آغاز کرنیوالا ظالم ہے ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے اہانت کر اسکی جو تیری اہانت کرے اگرچہ

كَانَ حُرًّا قُرَشِيًّا وَّاَكْرِمْ مَنْ اَكْرَمَكَ وَلَوْ كَانَ عَبْدًا حَبَشِيًّا وَّلَا يَنْبَغِيْ لِمُؤْمِنٍ اَنْ

آزاد مرد اور قریشی ہی ہو اور عزت کر اس کی جو تیری عزت کرے اگر عبد حبشی ہی ہو اور نہیں لائق مومن کے کہ اپنے

يُّذِلَّ نَفْسَهٗ وَمَنْ بَاتَ فِيْ رِيْحِ غَمَرٍ فَاَصَابَهٗ وَضَحٌ فَلَا يَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ وَ

آپ کو ذلیل کرے اور جو شخص رات گزارے چکنائی اور چربی کی بو میں پس پہنچے اسے شکستگی پس نہ ملامت کرے مگر اپنے

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ لَّعَنَ وَالِدَهٗ وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ

نفس کو اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "اللہ تعالیٰ اس پر لعنت کرے جو اپنے والد پر لعنت کرے اور نہ قائم ہوگی قیامت

حَتّٰى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ عَظِيْمَتَانِ دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ وَمَنْ قَاتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

یہاں تک کہ باہم جنگ لڑیں گے دو عظیم گروہ جن کا دعویٰ ایک ہوگا یعنی اسلام کا ۔ اور جس نے قتال کیا اللہ تعالیٰ کی راہ میں

فُوَاقَ نَاقَةٍ حَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ عَلَى النَّارِ وَاِنَّ لِلْقُلُوْبِ صَدَآءً كَصَدَآءِ النُّحَاسِ

اونٹنی دوہنے کی مقدار حرام ٹھہرائے گا اللہ تعالیٰ اس کے چہرے کو آگ پر اور بیشک دلوں پر زنگ ہوتا ہے مانند زنگ تانبے کے

وَجِلَآؤُهَا الْاِسْتِغْفَارُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ الطَّاعُوْنُ شَهَادَةٌ لِّكُلِّ مُسْلِمٍ

اور اس کا صیقل استغفار ہے ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "طاعون شہادت ہے واسطے ہر مسلمان کے

وَسَتَكُوْنُ فِتَنٌ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ وَزَيِّنُوْا اَصْوَاتَكُمْ بِالْقُرْاٰنِ الْمُكَرَّمِ

اور عنقریب ہوں گے فتنے مانند تاریک رات کے قطعات کے اور مزین کرو اپنی آوازوں کو ساتھ قرآن مکرم کے ۔ اور قرآن

وَالْمَاهِرُ بِالْقُرْاٰنِ مَعَ السَّفَرَةِ الْبَرَرَةِ وَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَقْرُبُ الْبَيْتَ الَّذِيْ

میں ماہر نیک ملائکہ یعنی کراماً کاتبین کے ساتھ ہوگا ۔ اور بیشک شیطان نہیں قریب ہوتا اس گھر کے جس میں پڑھی

تُقْرَاُ فِيْهِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ مَنْ مَّشٰى بَيْنَ

جائے سورۃ البقرہ ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ جو شخص چلا

الْفَرْضَيْنِ كَانَ لَهٗ بِكُلِّ خُطْوَةٍ حَسَنَةٌ وَّكُلُّكُمْ رَاعٍ وَّكُلُّ رَاعٍ مَّسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ

دو فرضوں کے درمیان اس کے لیے ہر قدم پر نیکی ہوگی اور تم میں سے ہر فرد نگران ہے اور ہر نگران باز پرس کیا جائیگا اپنی رعیت

وَمَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اِلٰى مَيْسَرَتِهٖ اَنْظَرَهُ اللّٰهُ اِلٰى تَوْبَتِهٖ وَاِنَّ اَوَّلَ مَا يُوْضَعُ فِي

کے متعلق ۔ اور جس نے مہلت دی تنگ دست کو اس کی خوشحالی تک اس کو اللہ تعالیٰ مہلت دے گا اس کی توبہ تک اور بیشک سب سے پہلی چیز جو

الْمِيْزَانِ الْخُلُقُ الْحَسَنُ وَثَلَاثَةٌ لَّا تُرَدُّ الْوَسَآئِدُ وَالدُّهْنُ وَاللَّبَنُ وَصَلِّ

میزان میں رکھی جائیگی وہ خلق حسن ہے اور تین اشیاء کو واپس نہیں کرنا چاہیئے ۔ تکیئے ۔ تیل اور دودھ ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ رُبَّ قَآئِمٍ لَّيْسَ لَهٗ مِنْ قِيَامِهٖ اِلَّا السَّهَرُ وَمَنْ

سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے "بہت سے شب خیز ہیں کہ نہیں ہے ان کیلئے ان کے قیام سے مگر صرف بیداری ۔ اور جس

اَهَانَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ اٰمَنَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

نے اہانت کی صاحب بدعت کی اللہ تعالیٰ اس کو امن دے گا بہت بڑی گھبراہٹ کے دن ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

مَنْ لَّهُ الرَّفِيْقُ الْاَعْلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الذَّاتِ الْمُحَمَّدِيَّةِ اللَّطِيْفَةِ الْاَحَدِيَّةِ

کہ جن کے لیے رفیق اعلیٰ ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما ذات محمدی پر جو پاکیزہ ولطیف یکتا و یگانہ ۔ فلک

شمس سماء الاسرار ومظهر الانوار ومركز مدار الجلال وقطب فلك

اسرار کے آفتاب اور مظہر انوار ہیں اور دائرۂ جلال کے مرکز اور فلک جمال کے

الجمال اللهم افض صلة صلواتك وسلامة تسليماتك على اول

قطب ہیں ۔ اے اللہ جاری فرما عطیہ اپنی صلوات کا اور سلامتی اپنی تسلیمات کی تمام تعینات

التعينات المفاضة من العماء الربانى واخر التنزلات المضافة

سے اوّل تعین وتشخص پر جن کا فیضان کیا گیا ربانی نعمتوں سے اور آخری تنزل پر ان تنزلات میں سے جو منسوب ہیں

الى النوع الانسانى المهاجر من مكة كان الله ولم يكن معه شىء ثان الى

طرف نوع انسانی کے جو ہجرت کرنے والے ہیں اس حرم مکہ سے "کہ اللہ تعالیٰ تھا اور نہ تھی ساتھ اس کے کوئی دوسری چیز" طرف اس

مدينة وهو الان على ما عليه كان محصى عوالم الحضرات الالهية الخمس

حرم مدینہ کے "کہ وہ اب بھی اسی طرح ہے جس طرح کہ پہلے تھا۔ احاطہ کئے ہوئے ہے پانچوں حضرات الٰہیہ کے عوالم کا اپنے

فى وجوده وكل شىء احصيناه فى امام مبين وراحم وسائلى لاستعدادها

وجود میں اور ہر شئی کو ہم نے محفوظ کر رکھا ہے امام مبین میں ۔ اور رحم فرمانے والے ہیں میرے وسائل پر بسبب لیاقت حاصل

بنداء وجوده وما ارسلنك الا رحمة للعلمين ونقطة البسملة الجامعة

کرنے ان کے ساتھ آپ کے اس اعلان وجود کے "اور نہیں مبعوث فرمایا ہم نے آپ کو مگر رحمت واسطے تمام جہانوں کے اور وہ بسملہ کا نقطہ (باء) ہیں

لما يكون ولما كان ونقطة الامر الجوالة بدوائر الاكوان فى سر الهوية التى

جو جامع ہے مایکون اور ماکان کو اور نقطہ ہیں امر (کُن) کا جو گردش میں لانیوالا ہے موجودات کے دائروں کو اس ہویت کے بطون میں جو

فى كل شىء سارية وعن كل شىء مجردة وعارية وامين الله على خزائن

ہر شئی میں سرایت کئے ہوئے ہے اور ہر شئی سے مجرد اور بے تعلق بھی ہے اور اللہ تعالیٰ کے امین ہیں متعدی خیرات کے خزائن پر

الفواضل ومستودعها ومقسمها على حسب القوابل وموزعها وكلمة الاسم

اور ان کو ودیعت رکھنے والے اور تقسیم کرنے والے بانٹنے والے ہیں مطابق اہلیتوں اور صلاحیتوں کے اور اسم اعظم والا کلمہ ہیں

الاعظم وفاتحة الكنز المطلسم ومظهر الاتم الجامع بين العبودية والربوبية

اور کنز طلسمی کا آغاز ہیں اور مظہر اتم ہیں جو جامع ہیں درمیان عبودیت و ربوبیت کے

والنشاة الاعم الشامل للامكانية والوجوبية والطود الاسم الذى لم يزحزحه

اور نشأۂ شامل ہے امکان ووجوب کو اور مضبوط چٹان ہیں جن کو نہیں جنبش دے سکی

تجلى التعينات عن مقام التمكين والبحر الخضم الذى لم تعكره جيف الغفلات

تعینات کی تجلی مقام تمکین ورسوخ سے اور وسیع سمندر ہیں کہ نہیں گدلا کرسکے اس کو غفلتوں کے مردار

صفاء اليقين والقلم النورانى الجارى بمداد الحروف العاليات والنفس

(صلواۃ ہو) صفاء یقین پر اور قلم نورانی پر جو جاری ہے حروف عالیہ کی روشنائی کے ساتھ اور نفس

الرحمانى السارى بمواد الكلمات التامات والفيض الاقدس الذاتى

رحمانی پر جو چلنے والا ہے کلمات تامہ کے مواد کے ساتھ اور اللہ تعالےٰ کے ذاتی فیض اقدس پر کہ جن کے

الذى تعينت به الاعيان واستعداداتها والفيض المقدس الصفاتى

ذریعے تعین پذیر ہوئے جملہ اعیان اور ان کی استعدادات۔ اور صفاتی فیض مقدس پر کہ

الذى تكونت به الاكوان واستمداداتها ومطلع شمس الذات فى

جن کی بدولت موجود ہوئے اور ان کی استمدادات ۔ اور آفتاب ذات خداوندی کے مطلع ومظہر پر

سماء الاسماء والصفات ومنبع النور الافاضات ورياض النسب و

آسمان اسماء وصفات میں ۔ اور نور افاضات کے سرچشمہ پر ۔ نسبتوں اور

الاضافات وخط الوحدة بين قوسى الاحدية والواحدية وواسطة

اضافتوں کے باغات پر اور احدیت وواحدیت کی دونوں قوسوں کے درمیائی خط وحدت پر اور

التنزل من سماء الازلية الى الارض الابدية والنسخة الصغرى التى تفرعت

آسمان ازلیت سے ارض ابدیت کی طرف واسطۂ تنزل پر۔ اور اس نسخۂ صغریٰ پر کہ جس سے غذا حاصل کی نسخۂ کبریٰ

عنها الكبرى ودرة البيضا التى تنزلت الى الياقوتة الحمرا وجوهرة الحوادث

نے اور درۂ بیضاء پر جس نے تنزل فرمایا سرخ یاقوت کی طرف ۔ اور حوادث امکانیہ کے جوہر پر جو

الامكانية التى لا تخلو عن الحركة والسكون ومادة الكلمة الفهوانية الطالعة

خالی نہیں ہوتے حرکت وسکون سے ۔ کلمۂ اولی کے مادہ پر جو طلوع والا ہے کُنْ کے پردہ سے

مِنْ كُنْ كُنْ اِلٰى شَهَادَةِ فَيَكُوْنُ وَهَيُوْلَى الصُّوَرِ الَّتِىْ لَا تَتَجَلّٰى بِاَحَدِهَا مَرَّةً

طرف "فیکون" کے عالم شہادت کے۔ اور ان صورتوں کے ہیولیٰ پر کہ نہیں جلوہ گر ہوتا ان میں سے کسی کے ساتھ دو مرتبہ

الِاثْنَيْنِ وَلَا بِصُوْرَةٍ مِّنْهَا لِاَحَدٍ مَّرَّتَيْنِ وَالْقُرْاٰنِ الْجَمْعِ الشَّامِلِ لِلْمُمْتَنِعِ وَالْعَدِيْمِ

اور نہ ساتھ کسی صورت کے ان میں سے کسی کے لیے جلوہ گر ہوتا ہے دو دفعہ۔ اور قرآن جامع پر جو شامل ہے ممتنع و معدوم کو

وَالْفُرْقَانِ الْفَرْقِ الْفَاصِلِ بَيْنَ الْحَادِثِ وَالْقَدِيْمِ وَصَائِمِ نَهَارِ اَنِّىْ اَبِيْتُ

اور فرقان فرق و فصل پر جو حد فاصل ہے درمیان حادث و قدیم کے اور "میں رات گزارتا ہوں اپنے رب کے ہاں" والے دن

عِنْدَ رَبِّىْ وَقَائِمِ لَيْلِ تَنَامُ عَيْنَاىَ وَلَا يَنَامُ قَلْبِىْ وَوَاسِطَةِ مَا بَيْنَ الْوُجُوْدِ

کے روزہ دار پر اور "میری آنکھ سوتی ہے اور میرا دل نہیں سوتا" والی رات کے شب خیز پر اور وجود و عدم کے واسطہ

وَالْعَدَمِ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ وَرَابِطَةِ تَعَلُّقِ الْحُدُوْثِ بِالْقِدَمِ بَيْنَهُمَا

پر یعنی ملایا دو سمندروں کو درآنحالیکہ باہم متصل ہیں اور حدوث کے قدم سے موجب تعلق رابطہ پر یعنی درمیان دونوں کے

بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ فَذٰلِكَ دَفْتَرُ الْاَوَّلِ وَالْاٰخِرِ وَمَرْكَزُ اِحَاطَةِ الْبَاطِنِ وَالظَّاهِرِ

برزخ ہے جس سے تجاوز نہیں کرتے پس وہی دفتر ہے اول و آخر کا اور مرکز ہے احاطۂ باطن و ظاہر کا۔

وَحَبِيْبُكَ الَّذِىْ اسْتَجْلَيْتَ بِهٖ جَمَالَ ذَاتِكَ عَلٰى مَنَصَّةِ تَجَلِّيَاتِكَ وَنَصَبْتَهٗ

اور وہی تیرا حبیب ہے جس کے ذریعے ظاہر کیا تو نے اپنے جمال ذات کو تجلیات کی جلوہ گاہ پر اور مقرر کیا ہے تو نے

قِبْلَةً لِّتَوَجُّهَاتِكَ فِىْ جَامِعِ تَجَلِّيَاتِكَ وَخَلَعْتَ عَلَيْهِ خِلْعَةَ الصِّفَاتِ

اس کو بطور قبلہ کے اپنی تجلیات جامعہ میں توجہات کے لیے اور تو نے ان کو خلعت پہنائی اپنی صفات

وَالْاَسْمَآءِ وَتَوَّجْتَهٗ بِتَاجِ الْخِلَافَةِ الْعُظْمٰى وَاَسْرَيْتَ بِجَسَدِهٖ يَقْظَةً

و اسماء کی اور تاج پہنایا خلافت عظمیٰ کا۔ اور ان کے جسد اطہر کو سیر کرائی حالت بیداری میں

مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى حَتّٰى انْتَهٰى اِلٰى سِدْرَةِ

مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک حتی کہ پہنچے سدرۃ المنتہیٰ تک اور

الْمُنْتَهٰى وَتَرَقّٰى اِلٰى قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى فَانْشَرَحَ فُؤَادُهٗ بِشُهُوْدِكَ حَيْثُ لَا

ترقی پائی قاب قوسین او ادنیٰ تک پس وسیع ہو گیا قلب ان کا بسبب تیرے مشاہدہ کے اس مقام میں جہاں پر نہ

صَبَاحَ وَلَا مَسَا مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى وَقَرَّ بَصَرُهٗ بِوُجُوْدِكَ حَيْثُ لَا خَلَا وَلَا

صبح ہے اور نہ شام۔ نہ جھٹلایا ان کے دل نے جو دیکھا ان کی آنکھ نے اور قرار پایا ان کی نگاہ نے ساتھ تیرے وجود کے جہاں

مَلَا مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى اَللّٰهُمَّ اَعْدَلْتَ فِىْ تَرْجِيْحِ اِيْجَادِ الْمَوْجُوْدَاتِ

پر نہ خلاء ہے اور نہ ملاء۔ نہ ترچھی ہوئی آنکھ ان کی اور نہ حد سے متجاوز ہوئی۔ اے اللہ تو نے عدل کیا ایجاد موجودات کی ترجیح میں

فَقَدَّمْتَ وَحَكَمْتَ بِالْحَقِّ وَاَجْرَيْتَ الْاَحْكَامَ فِى الْمُحْدَثَاتِ فَوَضَعْتَ كُلَّ

پس تو نے مقدم کیا بعض کو اور حکم فرمایا ساتھ حق کے اور جاری کیا احکام کو مخلوقات میں پس رکھا ہر شئ کو

شَىْءٍ فِىْ مَوْضِعِهٖ عَلٰى اَحْسَنِ التَّرْتِيْبِ وَنَعْتِ الصِّفَاتِ فَسَبَقَتِ الْاَسْمَآءَ

اس کے مناسب مقام میں بہترین ترتیب پر اور صفات مناسبہ پر پس تو نے سبقت دی اسماء کو بمع اس کے

بِمَا فِيْهَا بِحُسْنِ نِظَامِ الْاَجْزَآءِ الْمَوْضُوْعَاتِ لِلْاَحْكَامِ وَالْاَمْلَاكِ الْمُسَخَّرَاتِ

جو ان میں ہے بسبب نظام اجزاء کے حسن کے جو وضع کیئے گئے ہیں واسطے احکام کے اور مسخر ملائکہ کے۔

وَوَضَعْتَ الْاَرْضَ وَمَا فِيْهَا مِنَ الْمَعَادِنِ وَالْجَوَاهِرِ وَالنَّبَاتَاتِ وَجَمِيْعِ مَا فِى

اور تو نے وضع فرمایا زمین کو اور جو کچھ اس میں ہیں معاون و جواہرات اور نباتات سے اور جو کچھ ہے

الْاَبْدَانِ وَالْجُزْئِيَّاتِ وَمَا فِى الْبِحَارِ الزَّاخِرَاتِ مِنْ اَصْنَافِ اَنْوَاعِ الْمَخْلُوْقَاتِ

ابدان اور جزئیات میں اور جو کچھ ہے بحار متموجہ میں مخلوقات کے انواع و اصناف سے

وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِالْعِلْمِ وَالْمَعْلُوْمِ اَنْ تُحْيِىَ قَلْبِىْ وَتَكْشِفَ لِىْ عَنْ حَقَآئِقِ

اور سوال کرتا ہوں تجھ سے اے اللہ بطفیل علم و معلوم کے کہ زندہ فرمائے میرے قلب کو اور پردہ ہٹائے میرے لیے معلومات

الْمَعْلُوْمَاتِ وَلَا تُوَفِّقْنِىْ اِلَّا لِكُلِّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُنِىْ اِلَيْكَ زُلْفٰى بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ

کے حقائق سے۔ اور نہ توفیق دے مجھے مگر واسطے ہر اس عمل کے جو مجھے قریب کرے از روئے منزلت کے ساتھ عدل و احسان

وَاَنْ تَقْضِىَ حَاجَتِىْ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَقُّ مِمَّآ اُرِيْدُ وَاَظْهِرْ لِىْ فِىْ خَلْوَتِىْ يَا شَمْخُ شَمَاخُ

کے اور پورا کرے میری حاجت کو۔ اے اللہ تو ہی حق ہے جس کا میں ارادہ رکھتا ہوں اور ظاہر کر (اپنی تجلیات کو) مجھ پر میری خلوت میں

الْعَالِىْ عَلٰى كُلِّ بَرَاخٍ يَا لَطِيْفُ يَاهُ اَنْتَ الْحَاكِمُ لَا يَحْكُمُ عَلَيْكَ حَاكِمٌ اَنْتَ السُّلْطَانُ

اے بلند سے بلند تر اور عالی ہر کشادہ و بلند پر اے لطیف اے ہویت محضہ تو ہی حکمران ہے تجھ پر کوئی حکمران نہیں۔ تو ہی سلطان

الْقَوِیُّ لَمْ یَقُمْ عَلَیْكَ قَوِیٌّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللَّطِیْفُ الْخَافِیْ عَنْ نَظَرِ الْعُیُوْنِ الْمُنَزَّهُ

قوی ہے تجھ پر کسی کا زور نہیں چلتا۔ اے اللہ تو ہی لطیف ہے جو پوشیدہ ہے آنکھوں کی پہنچ سے۔ جو منزہ ہے

عَنْ اِدْرَاكِ الْعُقُوْلِ وَالْاَفْكَارِ الْعَالِمُ بِاِحَاطَةِ الْمَوْجُوْدَاتِ الْمُتَجَلِّیْ بِاَسْرَارِ

عقول وافکار کے ارادہ سے۔ جو علم رکھتا ہے موجودات کے احاطہ کا جو جلوہ فگن ہے اسرار قلوب کے ساتھ

الْقُلُوْبِ فِیْ حَنَادِسِ الْغُیُوْبِ بِاِظْهَارِ الظُّهُوْرِ فِی الْبُطُوْنِ الْعَالِمُ بِالْاِحَاطَاتِ

غیوب کی تاریکیوں میں بسبب ظاہر کرتے ظہور کے بطون میں۔ جو عالم ہے احاطات کا اور تقدیرات کے

وَاخْتِلَافِ التَّقْدِیْرِ وَبِمَا اَوْجَدْتَّ مِنَ الْعَالَمِ الْجَلِیْلِ مِنْهُمْ وَالْحَقِیْرِ وَبِمَا تَشَآءُ

اختلافات کا اور بسبب ایجاد فرماتے عالم کے جلیل کو بھی اور حقیر کو بھی اور بسبب اس کے جو تو چاہتا ہے

مِنْ حُسْنِ التَّدْبِیْرِ وَالتَّحْرِیْرِ اَسْئَلُكَ بِمَا بَطَنَ مِنْ غَوَامِضِ حَقَآئِقِ الْاَسْرَارِ وَمَا ظَهَرَ

حسن تدبیر اور حسن تحریر سے۔ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل بطون میں رہنے والے باریک حقائق اسرار کے اور جو ظہور پذیر

مِنْ دَقَآئِقِ التَّكْوِیْنِ فِیْ ظُلَمِ الظُّلُمَاتِ مِنْ ضِیَآءِ اَشِعَّةِ الْاَنْوَارِ اَنْ تَجْذِبَ قَلْبِیْ

ہوئے تکوین وایجاد کے دقائق سے تاریکیوں اور اندھیروں میں انوار کی ضیاء اور شعاعوں سے کہ جذب کرلے میرے دل کو

بِالْكَشْفِ اِلٰی شُهُوْدِكَ مِنَ الْاَسْرَارِ لِیَتَنَعَّمَ قَلْبِیْ بِكَ فِیْ سِرِّ اللَّطَآئِفِ وَالرَّقَآئِقِ

بسبب اپنے کشف شہود کے (مطالعۂ) اسرار سے تاکہ میرا دل تیری ذات کے ساتھ نعمت پائے لطائف اور باریکیوں کے

وَتَزُوْلَ عَنِّیْ شُبَهُ الْمُشْكِلَاتِ بِظُهُوْرِ تِلْكَ الْحَقَآئِقِ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْنِیْ بِسِرِّ

سر وبطون میں اور زائل ہو جائیں مجھ سے مشکلات وشبہات بسبب ظاہر ہونے ان حقائق کے۔ اے اللہ مجھے محفوظ فرما اپنے اسم

اِسْمِكَ اللَّطِیْفِ مِنْ شَرِّ كُلِّ مُؤْذٍ وَّحَاسِدٍ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِیْٓ اَلْهَمْتَ عِبَادَكَ

لطیف کے راز سربستہ کی بدولت ہر موذی اور حاسد کے شر سے۔ اے اللہ تو ہی ہے جس نے الہام کیا ہے اپنے

الْحَمْدَ وَالشُّكْرَ وَقَوَّیْتَهُمْ عَلَی الطَّاعَاتِ وَالذِّكْرِ فَاَنْتَ الشَّكُوْرُ الْمُحْسِنُ

بندوں کو حمد وشکر کا اور تقویت دی ہے ان کو طاعات اور ذکر پر پس تو ہی شکور ومحسن ہے اپنی

بِجَلَآئِلِ الْاٰلَآئِكَ وَتَقَدَّسَتْ صِفَاتُكَ بِمَجَارِی التَّهْلِیْلِ مِنَ الطَّاعَاتِ

بزرگ ترین نعمتوں کے ساتھ۔ اور پاکیزہ ہیں صفات تیری بمع جاری وساری تہلیل کے طاعات سے

بِجَزِیْلِ التَّفْضِیْلِ وَالْحَسَنَاتِ وَرَفْعِ الْعَوَالِیْ مِنَ الدَّرَجَاتِ اَسْئَلُكَ بِاِحْسَانِكَ

ساتھ جزیل فضل اور حسنات کے اور بلند کرنے کے درجات عالیہ پر میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل تیرے احسان

الْقَدِیْمِ بِظُهُوْرِ الْمَبَادِی الْمَوْجُوْدَاتِ وَاِحْسَانِكَ بِمَآ اَلْهَمْتَنِیْ بِصِفَاتِ

قدیم کے ساتھ ظاہر ہوتے موجودات کے مبادی کے اور بطفیل اپنے احسان کے بسبب الہام فرمانے کے مجھے اپنی صفات

قُدْسِكَ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنْ عِبَادِكَ الشَّاكِرِیْنَ وَبِفَضْلِ اِنْعَامِكَ مِنَ الْحَامِدِیْنَ

مقدسہ کا بنا دے مجھے اپنے شکر گزار بندوں سے اور بطفیل اپنے وافر انعام کے بنا دے مجھے اپنے حامدین اور

الذَّاكِرِیْنَ فَتَقَبَّلْ قَلِیْلَ عَمَلِیْ بِجَزِیْلِ فَضْلِكَ وَنَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ قُدْسِیْ

ذاکرین سے۔ پس قبول فرما میرے عمل قلیل کو اپنے فضل عظیم سے اور منور فرما میرے دل کو اپنے نور قدس کے ساتھ

لِاَكُوْنَ مِنْ اَهْلِكَ وَاجْمَعْ لِیْ جَوَامِعَ الْخَیْرَاتِ وَنَوَاحِیَ الْبَرَكَاتِ فِی الْمَحْیَا وَ

تاکہ ہو جاؤں تیرے خواص سے اور جمع فرما میرے لیے تمام تر خیرات کو اور جملہ جوانب کی برکات کو زندگی میں اور

الْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِیْ خَلَقْتَ لِكُلِّ شَیْءٍ قُوْتًا وَّجَعَلْتَ لَهٗ فِیْهِ الصَّلَاحَ

موت کی حالت میں۔ اے اللہ تو ہی نے پیدا کیا ہے ہر شئے کے لیے روزی کو اور بنائی تو نے اس کی بہتری اس میں

وَاَوْجَدْتَّ اَنْوَاعَ الْمَاكِلِ وَالْمَشْرَبِ وَجَعَلْتَهَا عِنْدَ الْاَشْبَاحِ وَاَبْرَزْتَ

اور ایجاد فرمایا ماکولات ومشروبات کے انواع واقسام کو اور سپرد کیا انہیں اشباح واجسام کے۔ اور ظاہر فرمایا

اَصْنَافَ الْعُلُوْمِ وَالْمَعَارِفِ وَجَعَلْتَهَا عِنْدَ الْاَرْوَاحِ اَسْئَلُكَ یَا مَنْ اَعْطٰی

علوم ومعارف کے اصناف واقسام کو اور حوالے کیا انہیں ارواح کے۔ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے اے کہ عطا کی تو نے

كُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ وَجَعَلَ لَهٗ قُوْتًا وَّاَصْدَقَ سِرَّ ذَاتِهٖ فِیْ كُلِّ شَیْءٍ وَّكَانَ

ہر شئے کو صورت اس کی اور مقرر فرمائی روزی اس کی اور راسخ کیا اپنے سر ذات کو ہر شئے میں اور یہ سب کچھ اس پر

عَلَیْهِ مِیْقَاتًا اَنْ تَدْفَعَ عَنِّی الْعَاهَاتِ وَالْاٰفَاتِ مِنْ سَآئِرِ الْجِهَاتِ فِیْ كُلِّ السَّاعَاتِ

متعین ومقرر تھا کہ دور کرے مجھ سے عیوب کو اور آفات کو تمام جہات سے تمام ساعات اور اوقات

وَالْاَوْقَاتِ وَاجْعَلْ لِّیْ قُوَّةً عَلَی الطَّاعَاتِ الْمُقَرِّبَةِ اِلَیْكَ یَا رَبَّ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ

میں اور پیدا فرما میرے لیے قوت ان طاعات کی جو تیرے قریب کریں اے رب آسمانوں اور زمینوں کے

اَللّٰهُمَّ اَفِضْ عَلٰى رُوْحِیْ اَقْوَاتًا مِّنَ الْمَعْلُوْمَاتِ وَاللَّطَآئِفِ مَا تُقَرِّبُنِیْ اِلَى

اے اللہ فیضان فرما میری روح پر معلومات ولطائف والی روزی کو جو قریب کر دے مجھے طرف

الْاَسْرَارِ وَالْمَعَارِفِ اَللّٰهُمَّ حَلِّ مِنْ اَسْرَارِ فُؤَادِیْ بِدَقَآئِقِ اَسْرَارِكَ مَا يُوْصِلُنِیْ

اسرار و معارف کے ۔ اے اللہ کھول دے میرے دل کے اسرار کو اپنے دقائق اسرار کے ساتھ جو واصل کر دے

اِلٰى مَشْهُوْدِ حَقَآئِقِهَا بِسِرِّ ذَاتِكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْكَافِیْ لِكُلِّ ذَرَّةٍ مِّنَ

مجھے تیرے حقائق مشہودہ معلوم تک بسبب تیرے سرّ ذات کے ۔ اے اللہ تو ہی کافی ہے موجودات کے ہر ذرّہ

الْمَوْجُوْدَاتِ اَخْرَجْتَهَا مِنَ الْعَدَمِ اِلَى الْوُجُوْدِ وَحَفِظْتَ قُوَّةَ وُجُوْدِهَا

کو جسے تو نے نکالا عدم سے وجود کی طرف اور محفوظ کیا اس کے وجود کی قوت و صلاحیت کو

فِیْ كُلِّ حَالٍ مِّنَ الْمُتَضَادَّاتِ فَكَفَيْتَهَا فِیْ كُلِّ حَالٍ بِقُوَّةِ الْبَسَآئِطِ الرَّحْمَانِيَّةِ

ہر حال میں متضاد اشیاء سے پس تو نے کفایت فرمائی اسے ہر حال میں بسائط رحمانیہ کی قوت کے ساتھ

وَكَفَيْتَهَا فِیْ حَالِ الْقَيْدِ بِالتَّرَاكِيْبِ التَّالِيْفِيَّةِ الْكَوْنِيَّةِ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ

اور کفایت فرمائی اسے مقید ہونے کی حالت میں ساتھ ترکیبات تالیفیہ کونیہ کی قیود کے ۔ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

بِكِفَايَتِكَ وَصُنْعِ التَّرَاكِيْبِ الظَّاهِرَةِ السَّبْعَةِ اَنْ تَكْفِيَنِیْ شَرَّ مَنْ يُّؤْذِيْنِیْ

اے اللہ بطفیل تیری کفایت کے اور تراکیب ظاہرہ ہفت گونہ کی صنعت کے کہ کفایت فرمائے مجھے موذیوں کے شر سے

اَوْ مَنْ يُّرِيْدُنِیْ بِسُوْٓءٍ اَوْ يُحَاوِلُنِیْ بِشَرٍّ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ فِیْ حِصْنِ

اور برائی کا ارادہ اور شر کی حیلہ گری کرنے والوں کے شر سے ۔ اے اللہ مجھے داخل فرما اپنی کفایت اور

كِفَايَتِكَ وَحِفْظِكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ بَاذِلُ الْعَطَايَا وَالْجَوَادُ بِالْفَضْلِ

حفاظت کے قلعہ میں ۔ اے اللہ تو صرف کرنے والا ہے عطیات کا ۔ اور جود ونوال فرمانے والا ہے ساتھ فضل

بِدَوَامِكَ عَلَى الْبَرَايَا تَتَكَرَّمُ بِالْخَيْرِ الْكَثِيْرِ عَلَى الشُّكْرِ الْقَلِيْلِ وَتَتَجَاوَزُ

دوام کے مخلوقات پر ۔ جود و کرم فرماتا ہے ساتھ خیر کثیر کے قلیل شکر پر اور درگزر فرماتا ہے

عَنْ ذَنْبِ الْكَبِيْرِ الْمَعْبَدِ الْمُتَضَرِّعِ الذَّلِيْلِ اَسْئَلُكَ بِتَطَاوُلِ فَضْلِكَ

کبیرہ گناہوں سے واسطے زاری اور عجز و انکساری والے بندے کے ۔ میں سوال کرتا ہوں بطفیل تیرے مسلسل فضل کے

فَضْلَكَ مِنْ جُوْدِ جُوْدِ الْمَوْجُوْدَاتِ مِنَ اللَّطَآئِفِ الْعُلْوِيَّاتِ وَالْاَسْرَارِ

تجھ سے تیرے فضل کا موجودات کے جود وانعام میں سے یعنی لطائف علویہ اور اسرار علویہ

الْعُلْوِيَّةِ الرَّبَّانِيَّةِ الْمَظْهَرَةِ لِلْحَضْرَةِ الْقُدْسِيَّةِ وَاَنْ تُمِدَّنِیْ بِطَيِّبَاتِ

ربانیہ کا جو مظہر ہیں حضرات قدسیہ کے اور یہ کہ میری امداد فرمائے پاکیزہ ارضی نعمتوں کے ساتھ

النِّعَمِ الْاَرْضِيَّةِ بِالْاَرْزَاقِ الْمُطَهَّرَةِ مِنَ الشُّبُهَاتِ الرَّدِيَّةِ وَتَجْعَلَ لِیْ ذٰلِكَ

بسبب ان ارزاق کے جو پاکیزہ ہیں ردی شبہات سے اور بنائے تو انہیں میرے لیے قوت (کا موجب)

قُوَّةً عَلٰى حَسْبِ اِقْبَالِیْ بِالطَّاعَاتِ الْمُوْصِلَةِ اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ تَكَرَّمْ عَلَیَّ بِرَدِّ

مطابق میری توجہ اور التفات کے بسبب ان طاعات کے جو پہنچائیں طرف تیری ۔ اے اللہ مجھ پر کرم فرما ساتھ رد فرمانے

الْاَسْوَآءِ مِنَ الْاَعْدَآءِ وَبِقَهْرِ الْاَضْدَادِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِیْ

برے اعداء کے اور مغلوب فرمانے اضداد و مخالفین کے ۔ اے اللہ تو ہی قبول کرنے والا ہے دعا سائلوں کی

اِذَا كَانَ مُخْلِصًا فِیْ دُعَآئِهٖ وَمُسْعِفُ الْمُضْطَرِّيْنَ بِالْاِجَابَةِ قَبْلَ سُؤَالِهِمْ

جبکہ ہوں وہ مخلص اپنی دعا میں اور مجبوروں کی حاجات پوری کرنے والا ہے ان کے سوال سے پہلے

لِاَنَّكَ عَالِمٌ بِحَاجَةِ الْمُحْتَاجِيْنَ بِمَا سَبَقَ فِیْ عِلْمِكَ الْقَدِيْمِ مِنَ الْاُمُوْرِ الْمُقَدَّرَاتِ

کیونکہ جاننے والا ہے محتاجوں کی حاجات کو بسبب اس کے جو سبقت لے جا چکے ہیں امور مقدرہ تیرے علم قدیم میں

وَنَعُوْذُ بِكَ مِمَّا قَضَيْتَ مِنَ الْاِرَادَاتِ الْمُحْكَمَاتِ وَاَسْرَعِ اَمْرِكَ فِیْ اَقْطَارِ الْاَرْضِ

اور ہم تیری پناہ طلب کرتے ہیں ان محکم ارادوں سے جن کا تو نے فیصلہ فرما دیا ہے اور تیرے سریع ترین امر سے جو مؤثر ہے زمین کے

وَطَبَقَاتِ السَّمٰوٰتِ اَسْئَلُكَ اَنْ تُجِيْبَ دَعْوَتِیْ وَتُسْرِعَ بِقَضَآءِ حَاجَتِیْ

اطراف اور سموات کے طبقات میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ میری دعا قبول کرے اور جلدی میری حاجت کو پورا فرمائے

وَتَكْشِفَ عَنِّیْ شَرَّ مُلِمَّاتِیْ وَتُؤْمِنَ رَوْعَاتِیْ وَمَخَافَاتِیْ وَتَقْهَرَ مَنْ اَرَادَ

اور دور فرمائے مجھ سے نازل شدہ مصائب کا شر اور مجھے مخاوف سے امن بخشے اور مغلوب کرے اسے جو میری

مَضَرَّتِیْ وَتَرْفَعَ دَرَجَاتِیْ اِلٰى غَايَةِ غَايَاتِیْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ضرر رسانی کا ارادہ کرے اور بلند کرے میرے درجات کو آخری حد امکان تک ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَاذِلِ الْاِحْسَانِ فِیْ سَبِيْلِ الْحَلِيْمِ السُّبْحَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

سیدنا محمدؐ پر جو صرف کرنے والے ہیں احسان کو حلیم و سبحان کی راہ میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ دَافِعِ الْكُفْرِ وَالطُّغْيَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو دور فرمانے والے ہیں کفر اور سرکشی کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ يَّقْظَانِ الْاَجْفَانِ وَالْغَالِبِ بِالسُّلْطَانِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو بیدار پلکوں (آنکھوں) والے ہیں اور غالب ہیں ساتھ برہان کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الظَّاهِرِ بِالْبُرْهَانِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو ظاہر ہیں ساتھ برہان کے

وَطَوِيْلِ الْاَحْزَانِ وَعَدِيْلِ الْاَقْرَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى

اور لمبے حزن و ملال والے ہیں اور اپنے ہمزمانوں سے عدل کرنیوالے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّعْطِى الْاَمَانِ وَبَدِيْعِ التِّبْيَانِ وَمَلِيْحِ الْوَجْهِ وَالْاَسْنَانِ

کی آل اطہار پر جو امان بخشنے والے۔ انوکھے بیان والے اور جاذب چہرہ اور پرکشش دانتوں والے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُحْسِنِ اِلَى الْجِيْرَانِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل امجاد پر جو احسان کرنے والے ہیں پڑوسیوں

وَالدَّاعِیْۤ اِلَى الْاَذَانِ وَالْمُبَلِّغِ اِلَى الْجِنَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر اور بلانے والے ہیں طرف اذان کے اور پہنچانے والے ہیں طرف جنتوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُنْجِیْ عَنِ النِّيْرَانِ وَالْمُبَيِّنِ لِاَشَدِّ الْاِيْقَانِ

محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو نجات دینے والے ہیں آتشہائے دوزخ سے۔ اور واضح کرنے والے ہیں مضبوط تر یقین کو

وَالنَّاطِقِ بِالْفُرْقَانِ وَالصَّافِحِ عَنْ اَهْلِ الْعُدْوَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور کلام فرمانے والے ہیں ساتھ فرقان کے اور درگزر کرنے والے ہیں دشمنوں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْوَاضِحِ بِالرُّجْحَانِ وَالْمَبْعُوْثِ

سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو واضح ہیں باعتبار وزنی شخصیت ہونے کے اور مبعوث ہیں

اِلٰى كَافَّةِ الْاِنْسَانِ وَالْمُسْتَغْنِیْ عَنِ التِّيْجَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

طرف تمام انسانوں کے اور بے نیاز ہیں "اپنی شہنشاہی کے اظہار میں" تاجہائے شاہی سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَامُوْنِ عَنِ الْخُذْلَانِ وَالْمَشْهُوْرِ فِی الْبُلْدَانِ

محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو مامون ہیں محرومی سے اور مشہور ہیں تمام بلاد و امصار میں

وَالْعَافِیْ عَنِ الْعَمْدِ وَالنِّسْيَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ

اور عفو فرمانے والے ہیں دیدہ دانستہ اور بھول چوک والی خطاؤں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّثَقِّلِ الْمِيْزَانِ وَالْمُنْعِمِ عَلَى الْخُصَمَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

کی آل اطہار پر جو میزان حسنات کو ثقیل فرمانے والے ہیں اور دشمنوں پر بھی انعام فرمانے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّرْتَفِعِ الشَّانِ وَالْمُحَرَّمِ عَلَى الْاَرْضِ وَ

سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو رفیع الشان ہیں اور جن کا جسم اقدس حرام کر دیا گیا ہے زمین پر اور

الدِّيْدَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّاتِرِ

کیڑوں پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو پردہ پوش ہیں

بِالْكِتْمَانِ وَالْعَابِسِ عَنِ الْكِذْبِ وَالْبُهْتَانِ وَالْمُرَغِّبِ اِلٰى خَيْرَاتِ حِسَانٍ اَللّٰهُمَّ

ساتھ کتمان کے۔ اور اظہار نفرت کرنے والے ہیں کذب و بہتان سے اور ترغیب دینے والے ہیں طرف اچھی عادات اور خصلتوں

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُعْطِیْ بِلَا حُسْبَانٍ وَّوَاهِبِ

کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو عطا کرنے والے ہیں بغیر حساب کے اور ہبہ کرنیوالے

اللُّؤْلُؤِ وَالْمَرْجَانِ وَالْمَحْفُوْظِ عَنِ النُّقْصَانِ اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِیْ بِعَيْنِكَ الَّتِیْ لَا

ہیں لولو اور مرجان کے اور محفوظ ہیں نقصان سے۔ اے اللہ میری حفاظت فرما اپنی نگاہ مقدس کے ساتھ جو نہیں

تَنَامُ وَاكْنُفْنِیْ بِرُكْنِكَ الَّذِیْ لَا يُرَامُ وَارْحَمْنِیْ بِقُدْرَتِكَ عَلَیَّ فَلَآ اَهْلَكَ

سوتی اور میرا احاطہ فرما ساتھ اس تکیہ عظیم کے جس (کے مقابلہ کا) ارادہ نہیں کیا جا سکتا اور رحم فرما مجھ پر ساتھ اپنی قدرت کے پس میں نہ ہلاکت

وَاَنْتَ رَجَآئِیْ فَكَمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ اَنْعَمْتَ بِهَا عَلَیَّ قَلَّ لَكَ بِهَا شُكْرِیْ وَكَمْ مِّنْ بَلِيَّةٍ

ہونگا جبکہ تو میری امید و رجاء ہے۔ کتنی زیادہ نعمتیں تو نے مجھے عطا کی ہیں کہ قلیل ہے تیرے لیے مقابل ان کے میرا شکر اور کتنی بلیات ہیں

اِبْتَلَيْتَنِيْ بِهَا قَلَّ لَكَ بِهَا صَبْرِيْ فَيَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ نِعْمَتِهٖ شُكْرِيْ فَلَمْ يَحْرِمْنِيْ وَيَا مَنْ

کہ تو نے مجھے ان میں مبتلا کیا کہ قلیل ہے ساتھ ان کے میرا صبر پس اے کہ قلیل ہے اس کی نعمت کے وقت شکر میرا پس نہ محروم کیا مجھے اور اے کہ

قَلَّ عِنْدَ بَلِيَّتِهٖ صَبْرِيْ فَلَمْ يَخْذُلْنِيْ وَيَا مَنْ رَّاٰنِيْ عَنِ الْخَطَايَا فَلَمْ يَفْضَحْنِيْ وَيَا

قلیل ہے وقت مصیبت کے صبر میرا پس اس نے مجھے محروم نہ کیا۔ اے کہ دیکھا اس نے مجھے گناہوں پر پس مجھے رسوا نہ کیا اور اے کہ جو

ذَا الْمَعْرُوْفِ الَّذِيْ لَا يَنْقُصُ اِحْسَانُهٗ اَبَدًا وَّيَا ذَا النَّعْمَآءِ الَّتِيْ لَا يُحْصٰى اَبَدًا

ایسے احسان والا ہے جو کبھی کم نہیں ہوتا اور اے کہ جو ایسی نعمتوں والا ہے جن کا کبھی احاطہ نہیں کیا جا سکتا۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِي الْمَوْتِ وَفِيْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ اَللّٰهُمَّ اَقْبِلْ بِقَلْبِيْ اِلٰى دِيْنِكَ وَ

اے اللہ برکت دے مجھے میری موت میں اور بعد از موت۔ اے اللہ متوجہ فرما میرے دل کو طرف اپنے دین کے

احْفَظْ مِنْ وَّرَآئِنَا بِرَحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور حفاظت فرما ہمارے پیچھے سے ساتھ اپنی رحمت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِنِ الْمَحْبُوْبِ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ وَالْمُتَوَكِّلِ عَلَى الدَّيَّانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو محبوب ہیں نزدیک رحمٰن کے اور متوکل ہیں اوپر بہت جزا دینے والے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُطِيْعِ بِاَمْرِ الْمَنَّانِ وَالْمَشْغُوْلِ بِذِكْرِ الْغُفْرَانِ اَللّٰهُمَّ

محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو اطاعت گزار ہیں امر منان کے اور مشغول ہیں ساتھ ذکر بخشنے والے کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُعْجِزِ الْخَلْقِ بِمِثْلِ اَقْصَرِ سُوْرَةٍ مِّنَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو عاجز کر دینے والے ہیں سب مخلوق کو قرآن کی مختصر ترین سورت

الْقُرْاٰنِ عَنِ الْاِتْيَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الثَّابِتِ عَلَى

کی مثل لانے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو ثابت قدم ہیں

التُّكْلَانِ وَالنَّبِيِّ الْغَافِرِ الْجِنَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

توکل میں۔ اور نبی ہیں بخشنے والے جنات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو

الْمَحْمُوْدِ فِيْ كُلِّ الْمَكَانِ وَالْحَبِيْبِ السَّاتِرِ لِلرَّحْمٰنِ وَكَلِيْمِ الْمَالِكِ الدَّيَّانِ وَالرَّسُوْلِ

محمود ہیں ہر مکان میں اور حبیب ہیں پردہ والے رحمان کے لیے اور ہمکلام ہیں ملک دیان کے اور رسول ہیں

لِلْمَلِكِ الْمَنَّانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ تَاجِ الْاَصْفِيَآءِ

ملک منان کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو محبوب اصفیاء کے تاج

وَسِرَاجِ الْاَتْقِيَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُحَذِّرِ

اور اتقیاء کے لیے روشن چراغ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو دور رکھنے

عَنِ النَّارِ وَمَهَالِكِهَا وَلَهُ الْفَضْلُ الْعُلْيَا وَعُرِضَ لَهُ السَّمٰوٰتُ بِمَلَكُوْتِهَا اَللّٰهُمَّ

والے ہیں آتش دوزخ سے اور اس کی ہلاکتوں سے۔ اور وہ بلند ترین فضل کے مالک ہیں اور پیش کئے گئے ہیں ان پر تمام آسمان بمع ان

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ عُرِضَ لَهُ الْاَرْضُ

کے خزائن کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ جن کو پیش کی گئی زمین بمع تمام اطراف اور

بِاَطْرَافِهَا وَاَكْنَافِهَا وَاَرْكَانِهَا وَالْجِبَالُ بِغَارِهَا وَالْجَنَّةُ بِنَعِيْمِهَا وَدَرَجَاتِهَا وَالنَّارُ بِاَبْوَابِهَا

اکناف کے اور ارکان کے اور پہاڑ بمع غاروں کے اور جنت بمع نعمتوں کے اور درجات کے۔ اور آگ بمع تمام ابواب اور

وَدَرَكَاتِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ نُصِرَ لَهٗ

درکات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ جن کو عطا کی گئی

نَصْرًا عَزِيْزًا وَّفُتِحَ لَهٗ فَتْحًا قَرِيْبًا اَللّٰهُمَّ اَعْطِفْ عَلٰى قُلُوْبِ عِبَادِكَ بِالْمَحَبَّةِ

عزیز و غالب نصرت اور فتح دی گئی ان کو فتح قریب۔ اے اللہ مائل فرما مجھ پر اپنے بندوں کے دل ساتھ دائمی

الدَّآئِمَةِ وَالْمَوَدَّةِ الْقَآئِمَةِ وَالْعَطْفِ وَارْزُقْنِي الْحَظَّ الْجَزِيْلَ وَسَخِّرْ لِيْ قُلُوْبَ

محبت کے اور پائیدار مودت اور مہربانی کے اور نصیب فرما مجھے عظیم حصہ اور مسخر فرما میرے لیے اپنے

عِبَادِكَ وَكُنْ لِّيْ عَوْنًا وَّمُعِيْنًا وَّحَافِظًا وَّنَاصِرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بندوں کے دل اور ہو میرا معاون و معین اور حافظ و ناصر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَعْصُوْمِ مِنَ الذُّنُوْبِ وَالْمُطَهَّرِ مِنَ الْعُيُوْبِ وَالْمَعْرُوْفِ فِي

اور آپ کی آل پر جو محبوب معصوم ہیں ذنوب سے اور مطہر ہیں عیوب سے اور معروف ہیں

الْاَدَبِ وَالْمُرُوَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ قَامَ

آداب اور مروت میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے

ليلة البرأت وكامل الفتوة اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا

